رول نمبر: ____________

FBD-G1-10-18

جماعت دہم ([illegible])

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ    کل نمبر: 15

**Objective Paper Code**
**7027**

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟ | دلی | علی گڑھ | لاہور | لکھنؤ |
| 2 | مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟ | 672ء | 671ء | 673ء | 677ء |
| 3 | چغل خور کونسا کام جانتا تھا؟ | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا | کھیتی باڑی کا |
| 4 | شاکر صاحب مصنف کو لے گئے: | سلیم پور | دلی | جے پور | شاہ پور |
| 5 | پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا: | بیٹی کا جہیز دینے کو | انعام دینے کو | بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو | بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے |
| 6 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ | شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ | سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ | شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ |
| 7 | مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کونسی سند لی؟ | بی اے | ایم اے تاریخ | ایم اے انگریزی ادب | ایم اے اردو ادب |
| 8 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | عالم | عالم | عالم | عالم |
| 9 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | جلوس | جلوس | جلوس | جلاوس |
| 10 | "چھتری" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم صوت | اسم آلہ | اسم مکبر |
| 11 | "مسواک" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم مکبر | اسم آلہ | اسم صوت |
| 12 | اسم نکرہ کی اقسام ہیں: | تین | چار | پانچ | چھ |
| 13 | دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟ | کج ادا سے | دلربا سے | خوش ادا سے | دل کے کسی جوڑ نہیں ملتا |
| 14 | جھیل گئے دکھ جھیلنے والے سے مراد ہے: | محنت کش | مزدور | کسان | پاکستان بنانے والے |
| 15 | دن کی زمین میں سرخ تھی اور آسماں تھا: | سبز | نیلا | زرد | سرخ |

501-X118-80000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:..............

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

FBD-G1-10-18

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اول )

10 2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

(حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) سجی سجی روشن روشن پیاری پیاری نیاری
رنگ برنگے پھولوں سے اک لدی ہوئی پھلواری

(iii) مرے بیٹے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

(iv) جن کی تابانی میں انداز کہن بھی، نو بھی ہے
اور تیرے کوکب تقدیر کا پرتو بھی ہے

(حصہ غزل)

(v) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) رنگ وہ فصل خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شان رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں

(vii) ترے رہتے وہاں محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

## ( حصہ دوئم )

05,05 3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(i) "اے بھائی مسلمانو! خدا کے لیے مجھ بدنصیب کا حال سنو۔ میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں۔ اب روٹیوں کا محتاج ہوں اور اپنی مصیبت ایک ایک سے کہتا ہوں۔ میں بھیک نہیں مانگتا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں، مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا۔ بھائی مسلمانو! میں غریب الوطن ہوں۔"

(ii) ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باؤلیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے۔ جو بچ رہے، وہ ایسے بدحال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کے بیمار۔ لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا اور وہ دور دور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔

10 4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
(ii) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟
(iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔
(iv) نام دیو نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟
(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟
(vi) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟
(vii) کون سی قومیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟
(viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

05 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) چغل خور

15 6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) یوم آزادی (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) علم کے فائدے

10 7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہرین نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، افغانستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:

(i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔
(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟



ParhloPakistan.com